نیوز ریلیز

انشورنس پر کارروائی کرنا

26 جنوری، 2023ء

البرٹا کی حکومت 2023ء کے آخر تک نجی مسافر گاڑیوں کی انشورنس کے نرخوں میں اضافے کو روک رہی ہے۔

بہت سے البرٹنز نے موجودہ افراطِ زر کے بحران کی روشنی میں ذاتی گاڑیوں کیلئے آٹو انشورنس کی استطاعت کے بارے میں اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے۔ 2023ء کے آخر تک نرخوں کو روکنے کے علاوہ، البرٹا کی حکومت آٹو انشورنس کے مستحکم اور کم نرخوں کیلئے مختصر اور طویل مدتی حل تیار کرنے کو جاری رکھے گی۔

جبکہ اس سال کے باقی حصے کیلئے کسی نئے نرخ میں اضافے کی منظوری نہیں دی جائے گی، البرٹا کے کچھ ڈرائیور پھر بھی اپنی 2023ء میں تجدید پر نرخوں میں اضافے دیکھ سکتے ہیں۔ یہ پہلے سے منظور شدہ نرخوں کی تبدیلیوں، غلطیوں پر ہونے والے کلیمز اور ٹکٹوں سمیت ڈرائیونگ ریکارڈ میں تبدیلیاں، یا انشورنس پروفائلز میں تبدیلیاں جیسے کہ نیا پتہ یا مختلف گاڑی کی انشورنس ہونے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

البرٹا کی حکومت نے یہ پریشانیاں بھی سُنی ہیں کہ کچھ البرٹنز کو اپنی سالانہ آٹو انشورنس پریمیئمز کی مکمل پیشگی ادائیگیاں کرنے کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس سے نمٹنے میں مدد کیلئے، حکومت انشورنس کمپنیوں سے تقاضہ کر رہی ہے کہ وہ زیادہ تر البرٹنز کو ادائیگی کے پلانز کے ذریعے اپنے پریمیئمز ادا کرنے کی سہولت فراہم کریں۔

البرٹا کی حکومت نے 2020ء کے موسم خزاں میں اصلاحات نافذ کی تھیں، جن سے نرخ مزید مستحکم ہونے کی توقع ہے۔ تاہم، ایسے عوامل جیسے کہ آٹو پارٹس کیلئے مہنگائی اور سپلائی کے سلسلے کے مسائل نے مختصر مدت میں اصلاحات کے اثرات کو متاثر کیا ہے۔

البرٹا کی انشورنس مارکیٹ پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے اور حکومت مزید بہتریوں کے آپشنز پر غور کرتی رہے گی۔

صارفین کیلئے تجاویز

- البرٹا کی مسابقتی مارکیٹوں میں، البرٹنز اکثر آس پاس شاپنگ کر کے اور اپنے آپشنز تلاش کر کے بہتر نرخ حاصل کر سکتے ہیں۔
- البرٹنز کو بہترین نرخ حاصل کرنے کے لئے اپنی انشورنس کمپنیوں یا بروکرز کے ساتھ کام جاری رکھنا چاہئے۔
- البرٹا کے ڈرائیور اپنے گھروں اور جائیدادوں کو مِلا کر انشورنس کروانے پر 20 فیصد تک رعایت حاصل کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ ڈرائیونگ کے اچھے رویئے کیلئے رعایت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

- البرٹا کو گرِڈ ریٹنگ سسٹم میں صارفین کا منفرد تحفظ حاصل ہے۔ انشورنس کرنے والوں کو گرِڈ پریمئیم اور ان کے اپنے پریمئیمز کو لازمی طور پر دیکھنا چاہئے اور بنیادی آٹو موبائل کوریج کے لئے کم نرخ وصول کرنے چاہئیں۔

متعلقہ معلومات

- انشورنس
- انشورنس بلیٹنز اور نوٹسز کے سپرنٹنڈنٹ
- البرٹا آٹوموبائل انشورنس ریٹ بورڈ
- آٹو انشورنس گرِڈ ریٹ کیلکولیٹر
- افورڈ ایبیلیٹی ایکشن پلان